# سندھ ایکٹ نمبرXXVIII مجریہ 2021

# SINDHACT NO.XXVIII OF 2021

# سندھ ملازمت کے شرائط (اسٹینڈنگ آرڈرز) (ترمیم) ایکٹ، 2021

# THE SINDH TERMS OF EMPLOYMENT (STANDING ORDERS) (AMENDMENT) ACT, 2021

## فہرست(CONTENTS)


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2۔2016 کے سندھ ایکٹ نمبرXI کی دفعہ 2 کی ترمیم

Amendment of Section 2 of Sindh Act No.XI of 2016

3۔2016 کے سندھ ایکٹ نمبرXI کے شیڈول کی ترمیم

Amendment of Schedule of Sindh Act No.XI of 2016

# سندھ ایکٹ نمبرXXVIII مجریہ 2021

# SINDHACT NO.XXVIII OF 2021

# سندھ ملازمت کے شرائط (اسٹینڈنگ آرڈرز) (ترمیم) ایکٹ، 2021

# THE SINDH TERMS OF EMPLOYMENT (STANDING ORDERS) (AMENDMENT) ACT, 2021

[4اگست 2021]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ ملازمت کے شرائط (اسٹینڈنگ آرڈرز) ایکٹ، 2015 میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ ملازمت کے شرائط (اسٹینڈنگ آرڈرز) ایکٹ، 2015 میں ترمیم کرنا ضروری ہوگیا ہے، جو کہ اس طرح سے ہوگی؛

اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شرعات
Short title and commencement

1. (1) اس ایکٹ کو سندھ ملازمت کے شرائط (اسٹینڈنگ آرڈرز) (ترمیم) ایکٹ، 2021 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

2016 کے سندھ ایکٹ نمبر XI کی دفعہ 2 کی ترمیم

Amendment of Section 2 of Sindh Act No.XI of 2016

2. سندھ ملازمت کے شرائط (اسٹینڈنگ آرڈرز) ایکٹ، 2015 جس کو اس کے بعد مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ 2 کی ذیلی دفعہ (1) میں:

(i) شق (h) کی ذیلی شق (viii) میں لفظ "فیکٹری" کے بعد الفاظ "یا ایک موسمی فیکٹری" شامل کیئے جائیں گے؛

(ii) شق (i) کے بعد درج ذیل نئی شق شامل کی جائے گی:

(i-a) "موسم" موسمی فیکٹری کے سلسلے میں سے مراد ہے وہ عرصہ جس کے دوران وہ مینوفیکچرنگ کے عمل میں مصروف عمل ہے جیسے کپاس جننگ، کپاس یا کاٹن، جوٹ پریسنگ، کپاس کے بیج میں سے تیل نکالنا، پھلوں کی پروسیسنگ، چاول کی بھوسی، مونگ پھلی چھیلنا، چینی کی تیاری (بشمول گڑ کے)؛

(i-b) "موسمی فیکٹری" سے مراد موسمی فیکٹری جیسا سندھ فیکٹریز ایکٹ، 2015 (2016 کے سندھ ایکٹ نمبر XIII) کی دفعہ 4 میں بیان کیا گیا ہے"

2016 کے سندھ ایکٹ نمبر XI کے شیڈول کی ترمیم

Amendment of Schedule of Sindh Act No.XI of 2016

3. مذکورہ ایکٹ کے شیڈول میں:

(i) اسٹینڈنگ آرڈر 1(a) میں، شق (vi) کے بعد درج ذیل نئی شق شامل کی جائے گی؛

"(vii) "موسمی مزدور"؛

(ii) اسٹینڈنگ آرڈر 1(g) کے بعد درج ذیل کو شامل کیا جائے گا:

"(h) موسمی مزدور وہ فرد ہے جو ملازم ہے، رکھا گیا ہے یا جسے موسمی فیکٹری میں کام پر لگایا گیا ہے"؛

(iii)اسٹینڈ نگ آرڈر (1)2 میں، الفاظ "کانٹریکٹ ورکر" کے بعد الفاظ "یاموسمی مزدور" شامل کیئے جائیں گے:

(iv)اسٹینڈ نگ آرڈر (6)2 کے بعد درج ذیل کااضافہ کیا جائے گا:

"(7)ہر موسمی مزدور کو کارڈ فراہم کیا جائے گا، جو وہ موسم کے اختتام ہونے پر واپس کرے گا"؛

(v)اسٹینڈ نگ آرڈر (6)16 میں:

(a)اس کے تحت پہلے شرطیہ بیان کو خارج کر دیا جائے گا؛

(b)دوسرے شرطیہ بیان میں، لفظ "مزید" کو خارج کیا جائے گا؛

(c)تیسرے شرطیہ بیان میں، لفظ "بھی" کے لیئے لفظ "مزید" متبادل ہوگا؛

(vi)اسٹینڈ نگ آرڈر 20 کے بعد درج ذیل نیا اسٹینڈ نگ آرڈر شامل کیا جائے گا:

20-A۔موسمی مزدور کے لیئے خصوصی شرطیہ بیان۔ موسمی مزدور جس موسمی فیکٹری میں تمام موسم کے دوران کام کیا ہو دوسرے کسی فائدے کے ساتھ، جو اس کو اس ایکٹ کے تحت یا وقتی طور پر عائد کسی دوسرے قانون کے تحت ملتا ہو، موسم کے اختتام ہونے پر اس کو ایک ماہ کی اجرت کے برابر رقم فوری طور پر موسم کے ختم ہونے سے ایک ماہ کے اندر واجب الادا ایک ماہ کی رقم کے ساتھ دی جائے گی:

بشرطیکہ موسم کے دورام موسمی مزدوری کی ملازمت میں کسی مداخلت یا غیر حاضری کی صورت میں جو کہ اس کی بیماری، حادثے، چھٹی، چھوڑنا یا ہڑتال، لاک آؤٹ یا کام بند ہونے کی صورت میں ہوئی ہو، اس سے اس اسٹینڈ نگ آرڈر کے تحت ملنے والا فائدہ ختم نہیں ہوگا۔

وضاحت: ایک موسمی مزدور کو تمام موسم میں کام کرنے والا سمجھا جائے گا۔ اگر اس نے اتنا کام کیا ہو جو کہ تمام موسم کے دوران، کل دنوں کے پچھتر فیصد سے کم نہ ہو۔"

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام عوام کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**